ماہانہ گیارہویں شریف وغوث الاعظم کانفرنس اور یوم ابوبکر صدیقؓ کا انعقاد

تقریب کی صدارت سجادہ نشیں حضرت سیدنا خواجہ نظام الدین اولیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سید عزیز نظامی صاحب مدظلہ العالی نے کی

ٹورانٹو (اپنے نمائندے سے) مورخہ 31 مارچ، بروز ہفتہ جامع المصطفیٰ ﷺ / مسی ساگا مسلم کمیونٹی سینٹر میں جناب ھاشم علی قادری صاحب کی سرپرستی میں بزم غوثیہ کینیڈا کی جانب سے ماہانہ گیارہویں شریف وغوث الاعظم کانفرنس اور یوم خلیفہ اول حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اہتمام کیا گیا۔ اس پر وقار روحانی تقریب کی صدارت سجادہ نشیں حضرت سیدنا خواجہ نظام الدین اولیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ جناب سید عزیز نظامی صاحب مدظلہ العالی نے فرمائی۔ محفل میں لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ندیم منج صاحب نے پروگرام کی ترتیب اور اسٹیج کی زیب وآرائش کے معاملات سرانجام دیئے۔ فرائض نقابت حافظ محمد عمیر نے سرانجام دیئے۔ محفل کے پہلے حصے کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا۔ زین زاہد سراج نے تلاوت فرمائی۔ ندیم منج صاحب نے گروپ کے ساتھ اپنے مخصوص انداز میں قصیدہ بردہ شریف پیش کیا بعد ازاں بحضور سرورِ کونین سیدنا محمدِ مصطفیٰ ﷺ میں نعتوں کا سلسلہ شروع ہوا۔ سعد احمد وقاص، منظور مرزا، سلمان حسنین، زین زاہد سراج نے آقا کریم ﷺ کے حضور عقیدت کے پھول نچھاور فرمائے۔ علامہ الشیخ محمد احمد اعوان صاحب نے ختم غوثیہ پڑھا اور شرکائے محفل کی زبانوں اور قلوب کو اللہ جل شانہ کے ذکر سے تر فرمایا۔ محفل کے دوسرے حصے کی ابتدا زینت القرا قاری محمد شفیق نعیمی الازھری صاحب کی دلوں کو گرما دینے والی خوبصورت تلاوتِ کلامِ الٰہی سے ہوئی۔ تلاوت کردہ آیات کا ترجمہ حافظ محمد عمیر نے شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کے ترجمہ عرفان القرآن سے پیش کیا۔ بعد ازاں ٹورونٹو کے معروف ثنا خواں عادل اقبال نے اپنے خوبصورت انداز میں بحضور سرورِ کونین سیدنا محمدِ مصطفیٰ ﷺ میں ہدیہ نعت پیش کی۔ جس کے فوراً بعد الشیخ علامہ نور احمد نور صاحب نے مجلس شرکا سے یومِ صدیق اکبر کے حوالے سے خصوصی خطاب فرمایا اور ان کی زندگی اور احوال کو اجاگر کیا۔ انہوں نے سیدنا صدیقِ اکبر کے اسلام قبول کرنے کا ایمان افروز واقعہ سنایا اور فرمایا کہ وہ مردوں میں سب اول اللہ اور حضور ﷺ پر ایمان لانے والے شخص تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیدنا صدیقِ اکبر نے اپنا سب کچھ حضور کے قدموں میں نچھاور کر دیا۔ وقت ہجرت اپنے بوڑھے نابینا والد اور دو جوان صاحبزادیوں کو کافروں کے رحم وکرم پر چھوڑ کر تاجدارِ کائنات ﷺ کے ساتھ چل پڑے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی صحابیت کی گواہی اللہ پاک نے خود قرآن پاک میں دی۔ بعد ازاں انہوں نے سیدنا صدیق اکبر کی شان مین اپنے کہے ہوئے چند اشعار سنائے پروگرام کے اختتام پر صلا وسلام پڑھا گیا اور امت محمدی ﷺ اور محفل میں شریک تمام افراد کے لیئے دعائے خیر کی گئی۔ تقریب کے آخر میں ہمیشہ کی طرح نظیر احمد اوران کی ٹیم نے لنگرِ غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تقسیم کا اہتمام کیا اور محفل میں شریک افراد کے لئے اپنی خدمات سرانجام دیں۔

مارخم تھورن ہل سے جوانیتا ناتھن اونٹاریو لبرلز کی نامزدگی کا انتخاب لڑینگی

عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنے تجربے کو اسمبلی میں بروئے کار لانا چاہتی ہوں، جوانیتا ناتھن

اونٹاریو (سٹاف رپورٹر) پارک ریجن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ کی وائس چیئر اور مارخم ٹرسٹی جوانیتا ناتھن نے مارخم تھارن ہل سے اونٹاریو لبرل پارٹی کی نامزدگی کیلئے انتخاب لڑنے کا اعلان کر دیا۔ جوانیتا ناتھن کا کہنا ہے کہ میں طویل عرصے سے مارخم تھورن ہل میں رہائش پذیر ہوں اور اپنی کمیونٹی کے قریب رہنے کے باعث میں کمیونٹی کو درپیش مسائل سے اچھی طرح واقف ہوں۔ میں اپنے تجربے کو صوبائی حکومت کے پلیٹ فارم پر بروئے کار لانا چاہتی ہوں تاکہ ہم اپنی کمیونٹیز کی ترقی، اپنے بچوں کی کامیابی اور معمر افراد کی بہتر دیکھ بھال کیلئے کام کر سکیں۔ ہم نے بطور کمیونٹی آج تک جو ترقی کی میں اسکی اہمیت سمجھتی ہوں اور میں مزید بہتری کیلئے ایوان میں اپنی کمیونٹی کی مضبوط آواز بننا چاہتی ہوں جس سے حلقے کے عوام کو فوائد حاصل ہوں۔ جوانیتا ناتھن 2010ء میں بھاری اکثریت سے ٹرسٹی منتخب ہوئیں اور وہ اپنے حلقے کے خاندانوں بالخصوص ایسے خاندان جو مسائل میں گھرے ہوئے تھے ان کے حقوق کیلئے کام کرتی رہیں۔ جوانیتا طویل عرصے سے مارخم میں رہائش پذیر ہیں اور ایک کمیونٹی و یوتھ آؤٹ ریچ ورکر، یوتھ سپورٹ سٹاف، پیرینٹنگ گروپ فیسیلیٹیٹر اور تشدد کا شکار خواتین کی قونصلر کی حیثیت سے خدمات سرانجام دے چکی ہیں۔ جوانیتا ناتھن طویل عرصے تک اس حلقے سے ممبر پرانوشل پارلیمنٹ رہنے والے کابینہ کے وزیر مائیکل شان کی جگہ الیکشن میں حصہ لیں گی جنہوں نے حال ہی میں سیاست کو خیر باد کہنے کا اعلان کیا ہے۔ جوانیتا ناتھن کا کہنا ہے کہ مائیکل شان نے ایک عشرے سے زائد عرصے تک جانفشانی سے حلقے کے عوام کی نمائندگی کی۔ انکی کہانی بھی ہر نئے کینیڈین شہری کی طرح ہے جو اپنے اور اپنے اہلخانہ کے روشن مستقبل کی تلاش میں کینیڈا آئے۔ مجھے خوشی ہے کہ مائیکل شان اونٹاریو لبرل پارٹی کی انتخابی مہم میں کوچیئر کی حیثیت سے خدمات سرانجام دینگے اور مجھے نامزدگی کا امیدوار بننا چاہتے ہیں اس بارے میں بھی میں ان سے رہنمائی اور مشورہ لونگی۔ واضح رہے کہ جوانیتا ناتھن پہلی منتخب تامل کینیڈین ٹرسٹی ہیں اور وہ اس وقت مارخم تھورن ہل کے علاقے میں وائی آر ڈی ایس بی ٹرسٹی ہیں اور اس وقت وہ یوتھ لنک اور فیملی آف سروسز پارک ریجن میں خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔

راولپنڈی اسلام آباد ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد

سینئر حکومتی وعہدیداروں اور ٹیکس لاء کے ماہرین وکلاء اور دیگر شعبہ ہائے زندگی کے نمائندہ افراد نے شرکت کی

راولپنڈی (پ۔ر) راولپنڈی اسلام آباد ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ٹیکس ڈے حوالے سے گزشتہ روز سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں سینئر حکومتی وعہدیداروں اور ٹیکس لاء کے ماہرین وکلاء اور دیگر شعبہ ہائے زندگی کے نمائندہ افراد نے شرکت کی سیمینار میں قومی محاصل بڑھانے، عوام میں ٹیکس ادائیگی کا رجحان پیدا کرنے اور احساس ذمہ داری جیسے عنوانات پر بات کی گئی۔ راولپنڈی اسلام آباد ٹیکس بار ایسوسی ایشن (RITBA) میں پنجاب ریونیو اتھارٹی (PRA) کے عہدیداران جن میں کمشنر اپیلز، ڈپٹی کمشنر اور ایڈیشنل کمشنر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور ٹیکس ڈے کی اہمیت اور افادیت کو اُجاگر کیا، RITBA کے صدر سید توقیر بخاری، سینئر نائب صدر فراز فضل شیخ، نائب صدر چوہدری نعیم الحق، جنرل سیکریٹری زاہد شفیق، جوائنٹ سیکریٹری سوفیا اختر، فائنانس سیکریٹری سفیر احمد، فواد رشید ایڈووکیٹ ہائی کورٹ اور دیگر نے شرکت کی۔ سیمینار میں پنجاب ریونیو اتھارٹی (PRA) سے متعلقہ قوانین کی آگاہی اور اغراض ومقاصد کو زیر بحث لایا گیا۔

پاک چائنا سینٹر میں سائبر سکیور پاکستان کانفرنس، فواد رشید ایڈووکیٹ کی شرکت

سائبر کے حوالے سے منعقدہ اس کانفرنس سے لوگوں کو نہ صرف سیکھنے کا بہت موقع ملا ہے، فواد رشید ایڈووکیٹ کی عمار جعفری اور میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (وقائع نگار) اسلام آباد پاک چائنا سینٹر میں منعقد ہونے والی سائبر سکیور پاکستان کانفرنس جو سائبر کے حوالے سے آگاہی کے لئے منعقد کی گئی تھی میں چیئرمین انٹی کرپشن اینڈ ہیومن رائٹس لائرز فورم کے چیئرمین فواد رشید ایڈووکیٹ اور جرنلسٹ فاؤنڈیشن کے پریذیڈنٹ زیڈ اے ملک نے ایف آئی اے اور آئی بی کے سابقہ سربراہ عمار جعفری سے بات کرتے ہوئے کہا کہ سائبر کے حوالے سے منعقدہ اس کانفرنس سے لوگوں کو نہ صرف سیکھنے کا بہت موقع ملا ہے بلکہ بین الاقوامی سٹریٹجیز اور دیگر حوالوں سے بطور پاکستانی ہمارا لائحہ عمل کیا ہونا چاہیئے اس کو سمجھنے میں بھی بہت مدد ملی ہے انہوں نے عمار جعفری کو کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد بھی پیش کی اور آئندہ ان کے ساتھ مل کر پروگرامز کے انعقاد اور عوام کو سائبر کے حوالے سے نئی ترجیحات کی آگاہی کے حوالے سے بھی کام کرنے کی یقین دہانی کرائی' عمار جعفری نے فواد رشید ایڈووکیٹ اور زیڈ اے ملک کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

کولڈ لیک البرٹا میں لڑاکا طیارے کے حادثے کا ذمہ دار پائلٹ قرار

زمین کے قریب پرواز کے دوران غلطی کے باعث طیارہ زمین سے جا ٹکرایا، تحقیقاتی رپورٹ

اوٹاوا (سٹاف رپورٹر) محکمہ قومی دفاع نے 2016ء میں کولڈ لیک البرٹا میں لڑاکا طیارے کے حادثے کا ذمہ دار پائلٹ کو ٹھہرا دیا۔ محکمہ قومی دفاع نے تحقیقاتی رپورٹ میں کس بھی قسم کی تکنیکی خرابی، طیارے سے پرندے کے ٹکرانے کے خدشے کو خارج از امکان قرار دیدیا۔ رپورٹ کے مطابق کیپٹن تھامس مک کوئین تربیتی مشن پر لڑاکا طیارہ اڑا رہا تھا زمین کے قریب پرواز کے دوران پائلٹ اپنے ہاتھ سے کچھ ہٹ گیا تھا جس کے باعث پائلٹ بوکھلاہٹ کے باعث فوری طور پر کوئی فیصلہ نہ کر پایا اور طیارہ زمین سے جا ٹکرایا۔ ایسی صورتحال میں بنیادی مہارتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے حادثے سے بچا جا سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق زمین کے قریب طیاروں کی پرواز خطرناک ہوتی ہے اور ایسی صورتحال میں چند لمحوں کیلئے بھی اگر پائلٹ کی توجہ ہٹے تو حادثے کا امکان بڑھ جاتا ہیاس لئے اس دوران تمام مہارتوں پر عبور کا ہونا لازم ہے۔ تحقیقات کے دوران، بہت سے زیر تربیت پائلٹس سے انٹرویو لئے گئے جن میں سے اکثر کا کہنا تھا کہ وہ اس خطرے سے لاعلم تھے۔ ہملٹن سے تعلق رکھنے والے پائلٹ تھامس مک کوئین 10 سال سے کینیڈین رائل ایئر فورس کا حصہ تھے اور وہ تربیتی مشن کے دوران سی ایف 18 لڑاکا طیارہ اڑا رہے تھے جس میں انہیں لیزر گائیڈ ڈراؤنڈ کا تعاقب کرتے ہوئے دو انرٹ بم فائر کرنا تھے۔ حادثے کے وقت تھامس مک کوئین زمین سے 600 فٹ کی بلندی پر پرواز کر رہے تھے۔ طیارے کو واپس اٹھاتے ہوئے وہ صرف 50 فٹ اوپر گئے تھے کہ انکا طیارہ بے قابو ہنا شروع ہو گیا اور صرف ڈیڑھ سیکنڈ کے اندر انکا طیارہ دائیں جانب گھوم گیا اور زمین سے ٹکرا گیا حادثے کے وقت پائلٹ کی جانب سے ڈے کال بھی نہیں دی گئی اور نہ ہی پائلٹ نے کاک پٹ سے نکلنے کی کوشش کی۔ طیارہ زمین سے ٹکراتے ہی پائلٹ موقع پر ہلاک ہو گیا تھا۔

اٹزم (AUTISM) کا Homeopathic علاج

اکشے بنکر

نینا

اٹزم ایک ایسا مرض ہے جس میں طفل یعنی بچے کی نفسیاتی ترقی میں نقص یا رکاوٹ نمودار ہونے کے سبب بچے کی دیگر افراد کے ساتھ میل جو، گفتگو، بات چیت کرنے کی مہارت کا فروغ رک جاتا ہے۔ اس صورتحال کو اٹزم سپیکٹرم ڈس آرڈر (Autism Spectrum Disorder) کے نام سے پہچانا جاتا ہے جس میں 'Aspergers Disintegrative Disorder Syndrom pervasive Developmental Disorder جیسے امراض کو بھی شامل کر لیا گیا ہے جن کی خصوصیات اٹزم سے مشابہ ہیں۔ شمالی امریکہ میں تقریباً ہر 68 اطفال میں سے ایک بچہ میں اٹزم یعنی ASD کی تشخیص (Diagnosis) پائی جاتی ہے۔ ASD کی تشخیص بچے میں جلد ہو جانی چاہیے تاکہ وقت رہتے بچہ کا علاج کیا جا سکے اور اس کی زبان گفتگو اور سماجی میل جول کی مہارت کو فروغ اور توسیع فراہم کر سکیں۔ ASD کی شکایت لڑکیوں کے مقابلے میں لڑکوں میں زیادہ پائی جاتی ہے۔

تشخیص: بعض اطفال میں ASD کی خصوصیات پیدائش کے تھوڑے ہی عرصہ میں نمودار ہونے لگتی ہیں جبکہ دیگر اطفال میں پیدائش کے کچھ ماہ یا کچھ سال بعد ظاہر ہوتی ہیں۔ ہر بچے میں ASD کی خصوصیات کی شدت کم وبیش مقدار میں پائی جاتی ہے خصوصیات کی بنا پر قیاس لگانا بہت ہی مشکل ہے کہ بچہ میں ASD کا اثر کتنا شدید ہے۔ ASD کو پرکھنے کیلئے چند خصوصیات کی جانچ ضروری ہے مثلاً اگر بچہ پیدائش سے لے کر چھ ماہ کی عمر ہونے تک کھیل لگانے پر خوشی ظاہر نہکرے یا ہلکی مسکراہٹ سے جواب نہ دے۔ 9 ماہ کی عمر ہونے تک منہ سے آواز نہ نکالے یا چہرے کے تاثرات ظاہر نہ کرے۔ 12 ماہ کی عمر ہونے پر بھی بولنے کی کوشش نہ کرے۔ 14 ماہ کی عمر ہونے پر ہاتھ کی انگلی سے یا ہاتھ اٹھا کر اشارہ نہ کرتا ہو، 16 ماہ کا ہونے کے باوجود سادہ لفظ بول نہ پائے۔ 18 ماہ کی عمر ہونے تک کھیلنا نہ سیکھ پاتا ہو 24 ماہ کی عمر ہونے پر بھی دو الفاظ بول نہ پاتا ہو، سیکھی ہوئی عادت، بول چال کے الفاظ سماجی رہن سہن بھول جاتا ہو۔ کھیل لگانے پر یا کھلانے پر بچہ جواب نہ دیتا ہو یا ایسا محسوس ہو کہ وہ ہماری بات سن نہیں پا رہا۔ گود میں لینا، چمٹنا، گلے لگانا جیسے عمل کو بچہ ناپسند کرتا ہو، اکیلے کھیلانا پسند کرتا ہو۔ دیگر افراد سے آنکھ سے آنکھ ملانے سے گریز کرتا ہو۔ بچہ بہت دیر سے بولنا سیکھے یا بالکل نہ سیکھے گفتگو کا آغاز کر نہ پاتا ہو یا گفتگو جاری رکھنے میں مشکل پیش آتی ہو۔ روز مرہ کے سوال جواب اور رہنمائی کو سمجھ نہ پاتا ہو گفتگو کیلئے بنائے گئے جملے بھول جاتا ہو دوران گفتگو عجیب وغریب قسم کی آواز نکالتا ہو یا گفتگو کی آواز بنا تال میل (Rhythum) کی محسوس ہو مثلاً ناک میں سے آواز نکالنا، Robot کی مانند بولنا۔ جملے یا الفاظ کی طوطے طرح ادائیگی کرنا مگر اس کا مطلب معلوم نہ ہونا یا کس موقع پر کونسے الفاظ یا جملے کا استعمال کیا جانا چاہئے اس کا علم نہ ہونا دوسروں کے جذبات سمجھ نہ سکتا ہو اور خود کے جذبات ظاہر کرنے کی تمیز نہ ہو۔ مختلف حالات میں کس طرح پیش آنا چاہئے اس بات کی سمجھ نہ ہو کبھی تو بالکل خاموش نظر آئے تو کبھی جارحانہ اور تخریبی (Disruptive) سلوک کا مظاہر بکھرتا ہوا نظر آئے۔ گول گول چکر گھومنا، سر پٹکنا، جھولنا (Rocking) دست زدن (HandFlaping) جیسی سرگرمی بار بار اور مسلسل کرتا ہو۔ روز مرہ سرگرمی کے برخلاف نئی سرگرمی انجام دینے کی صورت میں بدلا دیا نیا پن قبول نہ کرنا وغیرہ۔

ASD سینسا ٹر بچوں میں سمجھداری اور حکمت کا عنصر بہت سست اور کمزور مقدار میں پایا جاتا ہے ان بچوں میں عام بچوں کے مقابلے خرد سمجھ داری (Inteligence, Wisdom) پائی جاتی ہے۔ ASD سے متاثر بعض اطفال موسیقی، آرٹ، علم الحساب اور دیگر مضامین میں بہت زیادہ ہوشیار ہے کی مثالیں بھی ملتی ہیں عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ ASD کی معمولی اور ہلکی تکلیف والے بچے عام بچوں کی مانند زندگی گزارنے لگتے ہیں۔ جنہیں اس مرض کی معتدل (Moderate) یا شدید اور سخت (Severe) شکایت ہے ایسے اطفال کی زبانی اور سماجی رہن سہن کی مہارت میں پایا جانے والا نقص دائمی طور پر برقرار رہتا ہے، کشور عمری (Teen Years) کے دور میں پہنچ کر یہ شکایات بہت زیادہ بڑھ جانے کا امکان ہے۔

اسباب: ASD کا مرض ہونے کا اصل سبب اب تک معلوم نہیں ہو پایا ہے۔ مانا یہ جاتا ہے کہاس کیلئے جینیاتی (Genetic) اور ماحولیاتی اسباب ذمہ دار ہو سکتے ہیں سائنسداں اس سمت میں تحقیق کر رہے ہیں بچوں کو دیئے جانے والے ویکسین اور ٹیکوں (Vaccine) کو بھی کچھ حد تک اس کیلئے ذمہ دار مانا جاتا ہے۔

تشخیص:۔ ASD کی تشخیص کرنے سے پہلے ماہر نفسیات برائے اطفال (Chid Psychoogist)، طبیب برائے اعصاب الاطفال (Pediatric Neurologist) یا ترقیاتی ماہر برائے تطفلی ابراد (Developmental Pediartician) کے ذریعہ بچہ میں پائی جانے والی خصوصیات کو باریکی سے جانچا پرکھا جاتا ہے اب تک ایسی کوئی Pathological Test ایجاد نہیں ہو پائی ہے جس سے ASD کی تشخیص ممکن ہو۔

علاج:۔ ASD سے نجات پانے کیلئے کوئی دوا مہیا نہیں ہو پائی ہے۔ علاج کا اصل مقصد مرض کی خصوصیات پر قابو پانا ہوتا ہے اس لئے برتاؤ تھراپی (Behaviour Therapy)، مواصلات تھراپی (Communication Therapy)، خاندان تھراتی (Family Therapy)، تعلیمی تھراپی (Educational Therapy) کی امداد لی جاتی ہے اور اس کے ذریعے بچے کو یہ سکھایا جاتا ہے کہ سب کے ساتھ مل جل کر کس طرح رہنا، کام کرنا، کھیلانا چاہئے وغیرہ۔ بچہ کی زبان کی اور برتاؤ کی مہارت کو اجاگر کرنے اور اسے ترقی بخشنے کیلئے ضروری امداد فراہم کی جاتی ہے۔ بچہ کے والدین اور اراکین کنبہ کو سکھایا جاتا ہے کہ ایسے مریض کے ساتھ کس طرح گفتگو، بات چیت (Interact) کیجائے جس سے بچہ کی گفتگو کی سماجی مہارت، برتاؤ اور مواصلاتی مہارت کو بہتر بنایا جا سکے۔

Allopathy طرز علاج میں افسردگی مخالف (Antidepressant) اور جنون مخالف (Antipsychotic) ادویات کا استعمال کیا جاتا ہے تاکہ مرض کی چند خصوصیات پر قابو پایا جا سکے۔ ASD سے متاثرہ اطفال میں بعض اوقات مرگی (Epilepsy)، ہمل انہضام کی تکلیف، نیند سے متعق تکلیف اور دیگر تکالیف پائی جاتی ہے ASD میں مبتلا بچوں کیلئے Homepathy میں علاج موجود ہے۔ یہاں پر یہ یاد دلانا بہت ضروری ہے کہ ASD سے نجات پانا نہایت ہی مشکل ہے ASD کی خصوصیات کی الذت کو کمکرنے میں Homepathic دوا کے استعمال سے نمایاں کامیابی حاصل ہو سکتی ہے ان ادویات کیساتھ مندرجہ بالا تھراپیز کا استعمال کیا جائے تو بہتر نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔ Homepathic ادویات مضر اثرات سے پاک ہوتی ہے۔ ان کا استعمال لمبے عرصہ تک کیا جا سکتا ہے اور ضروری نہ ہونے پر ان کا استعمال کبھی بھی بند کر سکتے ہیں دوا چھوڑنے پر کوئی تکلیف درپیش نہیں آتی Homepathic علاج شروع کرنے سے پہلے طبیب مریض کی تفصیلی تاریخ سے واقفیت حاصل کرنا چاہے گا جس میں دور حال کی تکالیف اس کی خصوصیات کے ساتھ ماضی کے معلومات مثلاً ماضی میں ہوگزری تکالیف، امراض کنبہ کے دیگر افراد کو پیش آنے والی تکالیف، موروثی امراض، پیچیکی پیدائش سے پہلے حمل کے دوران والدہ کو پیش آنے والی جسمانی اور نفسیاتی تکالیف وغیرہ۔ ان تمام معلومات کا مطالعہ کرنے کے بعد مریض کیلئے Homepathic علاج کا خاکہ تیار کر کے اس کے مطابق دوا کا انتخاب کیا جاتا ہے طویل عرصہ تک علاج جاری رکھنا ضروری ہے جیسے جیسے وقت گزر تا جائے گا علاج کا اثر بچہ میں یقیناً نظر آئے گا جن بچوں میں مرض کی خصوصیات ہلکی، نرم یا معتدل پائی جاتی ہے ان میں علاج کے بعد نمایاں فرق نظر آنے لگتا ہے اور آہستہ آہستہ Normal بچوں کی مانند زندگی گزارنے لگتے ہیں ASD کے علاوہ مرگی (Epilepsy) اور دیگر امراض میں بھی Homeopathic علاج سے اطمینان بخش نتائج فراہم کئے جا سکتے ہیں۔

اگر کوئی طبیب ASD اور Dowers Syadroms جیسے امراض کے متعلق جب یہ مشورہ ظاہر کرے کہ اس مرض کا کوئی علاج دستیاب نہیں تو ایسے امراض کیلئے Homepathic علاج ضرور بہ ضرور آزمالیں۔ اس طرز علاج سے چاہے مرض کا خاتمہ ممکن نہ ہو مگر مرض سے ہونے والی تکالیف کی شدت یقیناً کمکر سکتے ہیں وہ بھی کسی قسم کے مضر اثرات کے بغیر۔۔۔

تمام پارٹین ہمیشہ صحت یاب تندرست رہیں ایسی خالقاور مالک سے دعا کرتے ہوئے میری بات ختم کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔

Akshay Banker
Nina Banker
M D (Homoeopathy)
M D (Homoeopathy)
+1 647 868 4340
+1 647 773 3074
Homeopathic Clinic(s):
1] 93, Dundas St. E., Suite 107, Mississauga, ON. L5A 1W7.
[East of Hwy 10 and Dundas, Above Dollarama] [Monday, Thursday, Friday - 10 am to 5 pm]
2]134, Queen St. E., Suite 203, Brampton, ON. L6V 1B2.
[Queen and Centre street]
[Tuesday, Saturday - 10 am to 5 pm]
3] 2761, Markham rd., Aum Beauty Clinic, Scarborough, ON. M1X 1L5.
[North of Markham and Finch]
[Wednesday - 4 pm to 7 pm]

SAKURA TURBO HOOD
NO MORE SMOKE, GREASE & ODOURS
GREAT FOR ASIAN COOKING
SAKURA
NEW ARRIVAL
M-2000
The M2000 has award winning minimalist design and uses the ancient and naturally occurring Golden Ratio to craft it's proportions
* 250 - 780 CFM
* 2 - 5 sone
* Glass touch screen panel with 3-speed control
* Stainless Steel beehive filter system, detachable and dish-washer safe
* Time delay shut-off (5min)
* Dual LED lights
* 30" x 19 11/16" x 3 1/8"
* 35 7/16" x 19 11/16" x 4 1/2"
U3-H HEAT
This model is designed 14-inches further from the wall to accommodate the front burners of your stove.
15 minute self- cleaning function - with a click of a button the U3-H uses heat to dissolve the oil build up inside the hood. There's no need for detrimental chemicals and cleaning solutions.
350 - 680 CFM
2 - 4 sone
Rocker switch with 2 speed control
R747IIW
WHITE SPECIAL $369
Patented grease trapping & reusable filter
Extracts 85% of grease before enter to interior or rang hood, ducts & vent cap
Front smoke baffler to keep steam inside
6" ducting become 680 C.F.M.
6" round duct or 3"1/8 x 10" duct either horizontal or vertical
R727 II
The R-727II has been re-designed with a new modern slick exterior
580 CFM
2.5 - 6 sone
Oil trapping cups
Round rocker switch with 2 speed control
29 3/4" x 22" x 6"
NEW PRODUCT
SUPER BIDET
Slow-Motion Closing
Anti-Bacterial Resin
Special Tander Spray Head
A Level Tamp, Seat
YT168 SPECIAL $499
YT138 SPECIAL $129
Non – Electrical Model YT 138 the bidet panel is using by ambient temperature water .
SAKURA PRODUCTS CO.
Scarborough
4490 Sheppard Ave. E, Unit 2
Scarborough, ON., M1S 4J9
TF: 1-800-475-5473
Fax: 416-291-5231
Times Square
550 Hwy 7E, Bldg D.
Unit # 91, Richmond Hill
West Leslie/North Hwy 7
905-889-3339
Mississauga
Dixie Park Mall
1550-South Gateway Road
Unit 113. Mississauga
South Eglinton/East Side Dixie
905-238-3198 (Wed Off)
INFO@SAKURA-CANADA.COM | WWW.SAKURA-CANADA.COM

IFF
International Freight Forwarders
CARGO SHIPMENTS
Every Day Low Prices
Most Destinations Around World By Air*
Toronto Airport - Destination Airport
Upto 30 lbs: $80.00 Upto 100 lbs $200.00
SEND GIFTS, PERSONAL BELONGINGS OR COMPANY PRODUCTS BY AIR, SEA OR LAND
Our Services Includes:
Ocean (Full container or Loose) & Land Freight (Full Trailer or Loose)
Door to Door Courier Service to more than 120,000 Cities around the world
Insurance coverage by all modes of transport (Land/Air/Ocean)- Domestic & International
Custom Clearance in Canada
Preparation of Export Documents. Letter of Credit (L/C) Preparation & Negotiation
Cross border shipment from/to USA for Trade Shows, Exhibitions etc.
Pickup & Delivery any where in Canada or USA
Some restrictions apply.
ANY QUESTIONS REGARDING SHIPPING BY AIR, SEA OR LAND & FREE ESTIMATE
Ph: 416-798-4151
Fax: 416-798-4155 , 1-877-798-4151
286 Attwell Dr., Unit 16, Totonto, Ont. M9W 5B2
Email: info@iffcargo.com
visit our web site:
www.iffcargo.com